احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 11 جون 2008ء

روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 11 جون 2008ء 6 جمادی الثانی 1429 ہجری 11/احسان 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 131

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

وہ اعلیٰ درجہ کا نور جو انسان کو دیا گیا یعنی انسان کامل کو۔ وہ ملایک میں نہیں تھا۔ نجوم میں نہیں تھا۔ قمر میں نہیں تھا۔ آفتاب میں بھی نہیں تھا۔ وہ زمین کے سمندروں اور دریاؤں میں بھی نہیں تھا۔ وہ لعل اور یاقوت اور زمرّد اور الماس اور موتی میں بھی نہیں تھا۔ غرض وہ کسی چیز ارضی اور سماوی میں نہیں تھا صرف انسان میں تھا یعنی انسان کامل میں جس کا اتم اور اکمل اور اعلیٰ اور ارفع فرد ہمارے سید و مولیٰ سید الانبیاء سید الاحیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں سو وہ نور اس انسان کو دیا گیا اور حسب مراتب اس کے تمام ہمرنگوں کو بھی یعنے ان لوگوں کو بھی جو کسی قدر وہی رنگ رکھتے ہیں اور امانت سے مراد انسان کامل کے وہ تمام قویٰ اور عقل اور علم اور دل اور جان اور حواس اور خوف اور محبت اور عزت اور وجاہت اور جمیع نعماء روحانی وجسمانی ہیں جو خدا تعالیٰ انسان کامل کو عطا کرتا ہے اور پھر انسان کامل (۔) اس ساری امانت کو جناب الٰہی کو واپس دے دیتا ہے یعنی اس میں فانی ہو کر اس کی راہ میں وقف کر دیتا ہے (۔) اور یہ شان اعلیٰ اور اکمل اور اتم طور پر ہمارے سید ہمارے مولیٰ ہمارے ہادی نبی امّی صادق مصدوق محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں پائی جاتی تھی جیسا کہ خود خدا تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے (۔) یعنی ان کو کہہ دے کہ میری نماز اور میری پرستش میں جدوجہد اور میری قربانیاں اور میرا زندہ رہنا اور میرا مرنا سب خدا کے لئے اور اس کی راہ میں ہے۔ وہی خدا جو تمام عالموں کا رب ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں اول المسلمین ہوں یعنی دنیا کی ابتدا سے اس کے اخیر تک میرے جیسا اور کوئی کامل انسان نہیں جو ایسا اعلیٰ درجہ کا فنافی اللہ ہو۔ جو خدا تعالیٰ کی ساری امانتیں اس کو واپس دینے والا ہو۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد 5 ص 160)

سچائی کا پیغام

حضرت عبداللہ زبعریؓ اپنے نعتیہ کلام میں عرض کرتے ہیں۔

جئتنا بالیقین والبر والصد ق و فی الصدق والیقین سرور

آپؐ ہمارے پاس یقین نیکی اور سچائی کا پیغام لائے ہیں اور سچائی اور یقین ہی خوشیوں کا منبع ہے۔

شاعر رسول حضرت حسان بن ثابتؓ نے قبر رسولؐ کو مخاطب کرتے ہوئے عرض کیا۔

فبورکت یا قبر الرسول وبورکت بلاد ثوی فیھا الرشید المسدد

اے رسول اللہ کی آخری آرام گاہ تو بابرکت ہے اور وہ سرزمین بھی مبارک ہے۔ جس میں ہدایت یافتہ اور راستباز انسان آرام فرما ہے۔

(نقوش رسول نمبر جلد 10 صفحہ 134`138)

امتحان بسلسلہ خلافت جوبلی سہ ماہی سوم

لجنہ اماء اللہ پاکستان کے تحت خلافت جوبلی سہ ماہی سوم کا امتحان مورخہ 15 جون 2008ء کو صبح 10 بجے تا 12 بجے امتحانی مراکز میں ہوگا۔ تمام ممبرات سے اس امتحان میں شمولیت کی درخواست ہے۔

نصاب: **اختلافات سلسلہ کی تاریخ کے صحیح حالات**

(سیکرٹری تعلیم)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

- مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آرتھوپیڈک سرجن
- مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ گائناکالوجسٹ
- مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر

تینوں ڈاکٹر صاحبان مورخہ 15 جون 2008ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔ خواتین کی سہولت کیلئے گائناکالوجسٹ زبیدہ بانی ونگ میں معائنہ کریں گی اور پرچی زبیدہ بانی ونگ سے بن سکے گی۔ ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب صبح 10:00 بجے کے بعد ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کا معائنہ کرینگے۔ ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب آؤٹ ڈور گراؤنڈ فلور میں معائنہ کریں گے۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

فری کوچنگ کلاس

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ امسال گرمیوں کی چھٹیوں میں کلاس ششم تا دہم اردو میڈیم، نہم اور دہم انگلش میڈیم اور اسی طرح F.A اور F.Sc (فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی، انگلش، شماریات) کے لئے ایک فری کوچنگ کلاس کا انعقاد کر رہی ہے اس کے لئے رجسٹریشن مورخہ 11 تا 16 جون رات 9:00 تا 10:00 بجے دفتر مقامی ہال میں ہوگی، مقررہ تاریخ کے بعد رجسٹریشن نہ ہوگی۔ تفصیلی ہدایات دفتر مقامی کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دی گئی ہیں۔

(مہتمم مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

سوانح حضرت مسیح موعود (سوال و جواب کی شکل میں) نمبر 3

سوال: حضور نے ہوشیار پور میں ماسٹر مرلی دھر ڈرائینگ ماسٹر سے مباحثہ کب فرمایا۔
جواب: 11 تا 14 مارچ 1886ء مباحثہ ہوا جو ستمبر 1886ء میں سرمہ چشم آریہ کے نام سے شائع ہوا۔
سوال: حضور کی صاحبزادی عصمت کی ولادت اور وفات کب ہوئی۔
جواب: ولادت: 15/اپریل 1886ء۔ وفات: جولائی 1891ء۔
سوال: حضور کے بیٹے بشیر اوّل کی ولادت اور وفات کب ہوئی۔
جواب: ولادت: 7/اگست 1887ء۔ وفات: 4 نومبر 1888ء۔
سوال: حضرت مولانا نورالدین صاحب کی بیماری کی وجہ سے حضور جموں کب تشریف لے گئے۔
جواب: جنوری 1888ء میں۔
سوال: حضور نے جو خط مرزا احمد بیگ کو درباره محمدی بیگم لکھا تھا مخالفین نے اسے کب اور کس اخبار میں شائع کروایا۔
جواب: 10 مئی 1888ء کو نور افشاں اخبار میں۔
سوال: اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضور کو بیعت لینے کا ارشاد کب ہوا۔
جواب: 1888ء کی پہلی سہ ماہی میں۔
سوال: سبز اشتہار کی اشاعت اور بیعت کا عام اعلان کب فرمایا۔
جواب: یکم دسمبر 1888ء کو۔
سوال: اشتہار بعنوان تکمیل تبلیغ میں دس شرائط بیعت کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 12 جنوری 1889ء کو۔
سوال: حضرت مسیح موعود کے صاحبزادے حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب (خلیفة المسیح الثانی) کی ولادت کب ہوئی۔
جواب: 12 جنوری 1889ء کو۔
سوال: پہلی بیعت کب اور کہاں ہوئی۔
جواب: 23 مارچ 1889ء کو لدھیانہ میں ہوئی۔
سوال: سب سے پہلی بیعت کس نے کی اور پہلے دن کتنے احباب نے بیعت کی۔
جواب: حضرت حکیم نورالدین صاحب نے سب سے پہلے بیعت کی اور پہلے دن 40 احباب نے بیعت کی۔
سوال: فتح اسلام اور توضیح مرام کی اشاعت کب ہوئی۔
جواب: 1890ء میں۔
سوال: دعویٰ مسیحیت کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 1890ء میں۔
سوال: مولوی محمد حسین کی طرف سے فتویٰ تکفیر کب جاری ہوا۔
جواب: 1891ء میں۔
سوال: حضور نے دعویٰ مسیحیت کے بعد پہلا سفر لدھیانہ کب فرمایا۔
جواب: 3 مارچ 1891ء کو۔
سوال: حضور نے علماء کو تحریری مباحثہ کی دعوت کب دی۔
جواب: 26 مارچ 1891ء کو۔
سوال: پادریوں کو وفات مسیح پر تبادلۂ خیالات کی دعوت کب دی۔
جواب: 20 مئی 1891ء کو۔
سوال: حضور کا لدھیانہ میں مولوی محمد حسین بٹالوی سے مباحثہ کب سے کب تک ہوا۔
جواب: 20 تا 29 جولائی 1891ء میں ہوا۔ جو ''الحق مباحثہ لدھیانہ'' کے نام سے شائع ہوا۔
سوال: حضور نے لفظ ''توفّی'' اور ''دجال'' کے بارے میں انعامی اعلان کب مقرر فرمایا۔
جواب: 1891ء میں۔
سوال: حضور نے دعویٰ مہدویت کب فرمایا۔
جواب: 1891ء میں۔
سوال: حضور نے دعویٰ کے بعد دہلی کا سفر کب اختیار فرمایا۔
جواب: 29 ستمبر 1891ء کو۔

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم محمد زکریا ورک صاحب کنگسٹن کینیڈا تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل و کرم سے عاجز کے بیٹے مکرم عدنان ورک صاحب اور بہو مکرمہ ایمن ورک صاحبہ کو 24 مئی 2008ء کو کیلی فورنیا میں پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور ایدہ اللہ نے ازراہ شفقت نومولود کا نام یوسف روشان عطا فرمایا ہے۔ نومولود مکرم چوہدری مبشر احمد صاحب سان ہوزے کا نواسہ مکرم الحاج محمد ابراہیم صاحب خلیل، سابق مربی سلسلہ اٹلی و سیرالیون اور محترم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ صاحب فزیشن حضرت مصلح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو والدین کیلئے قرة العین، خادم دین اور نیک بخت بنائے۔ آمین

نکاح

مکرم ڈاکٹر انوار الٰہی صاحب ویلنشیا ٹاؤن لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ صبیحہ انوار صاحبہ واقفہ نو کا اعلان نکاح مورخہ 5۔اپریل 2008ء کو محترم وسیم احمد صاحب مربی سلسلہ نے مبلغ 20 ہزار امریکن ڈالر حق مہر پر مکرم عطاء الحلیم احمد صاحب ابن مکرم ہدایت احمد صاحب سابق کاتب روزنامہ الفضل کے ساتھ کیا۔ مکرم عطاء الحلیم احمد صاحب مکرم مولوی عبدالغفور صاحب مرحوم مربی سلسلہ کے پوتے ہیں۔ نکاح کے اعلان کے بعد مکرم محمود احمد قریشی صاحب نائب امیر ضلع لاہور نے دعا کروائی۔ احباب کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کے لئے صدہا خوشیوں کا باعث بنائے۔

ولادت

مکرم حافظ کرامت اللہ ظفر صاحب طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کو مورخہ 29 مئی 2008ء کو اللہ تعالیٰ نے دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچی کا نام ہادیہ کرامت عطا فرمایا ہے۔ بچی وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچی مکرم ماسٹر نذیر احمد شاد صاحب مرحوم کی پوتی اور مکرم رانا منیر احمد صاحب کی نواسی ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو نیک اور دین کی خادمہ بنائے۔ آمین

نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ حضرت خلیفة المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 30 مئی 2008ء کو قبل نماز عصر بمقام بیت فضل لندن درج ذیل احباب کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

نماز جنازہ حاضر

مکرم ڈاکٹر محمد نواز صاحب

مکرم ڈاکٹر محمد نواز صاحب سابق امیر ضلع جماعت احمدیہ اوکاڑہ لمبی بیماری کے بعد مورخہ 27 مئی 2008ء کو لندن میں وفات پا گئے۔ بوقت وفات آپ کی عمر 72 سال تھی۔ مرحوم نے 1969ء میں اپنی ایک خواب میں بشارت ملنے پر احمدیت قبول کی تھی اور خاندان میں پہلے احمدی تھے۔ آپ نے 1984ء سے 1999ء تک اوکاڑہ جماعت میں بطور امیر ضلع خدمت کی توفیق پائی اور بڑی عمدگی سے اس ذمہ داری کو نبھاتے رہے۔ آپ کو اسیر راہ مولیٰ ہونے کی سعادت بھی حاصل ہوئی۔ لندن آنے کے بعد آخری بیماری سے پہلے تک دفتر پرائیویٹ سیکرٹری کے شعبہ ڈسپیچ میں خدمت بجالاتے رہے۔ نیک، مخلص، غریبوں کے ہمدرد اور باوفا انسان تھے۔ آپ نے 2 بیویاں، 2 بیٹے اور 2 بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ مرحوم موصی تھے۔ مورخہ یکم جون 2008ء کو آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔

نماز جنازہ غائب

مکرم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب

مکرم حکیم محمد اسلم فاروقی صاحب سابق استاد جامعہ احمدیہ ربوہ 22 مارچ 2008ء کو اسلام آباد میں ہارٹ اٹیک سے وفات پا گئے۔ مرحوم کو طویل عرصہ تک بطور واقف زندگی خدمت کی توفیق ملی۔ آپ پہلے طبیہ کالج ربوہ میں پڑھاتے رہے اور بعد میں جامعہ احمدیہ میں بطور پروفیسر خدمت کی توفیق پائی۔ آپ دارالعلاج کے نام سے مبشر مارکیٹ دارالرحمت غربی میں مطب بھی کیا کرتے تھے۔ جہاں سے غریب اور نادار مریض کثرت سے فائدہ اٹھاتے تھے۔ آپ نے پسماندگان میں 3 بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ مرحوم موصی تھے۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین ہوئی۔

(باقی صفحہ 11 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

محترمہ صاحبزادی امتہ الحلیم صاحبہ بنت حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی شخصیت کے چند مثالی پہلو

اپنے بہت ہی پیارے ابا کے لئے جو دل کی گہرائیوں سے محسوس کرتی ہوں اور لکھنا چاہتی ہوں وہ کوشش کے باوجود لکھ نہ پاؤں گی۔ یہ حق نہیں ادا ہو سکتا۔ میں ایک اولاد کی حیثیت سے اپنے بچپن سے لے کر جوانی تک کے حالات یا ان کا ذکر ایک ماں باپ کی حیثیت سے بتا ہی نہ پاؤں گی۔ اس ذکر کے لئے پہروں چاہئیں پھر بھی دل نہ بھرے۔

ایک بیٹی کے ناطے جہاں ابا کا ذکر آئے گا وہاں ماں کا بھی۔ وہ دونوں تو گویا ایک ہی لڑی میں پروئے گئے دو سُچے موتی تھے ایک ہی سایہ کے دو نام۔ ہمارا گھر ہماری جنت تھا۔ جہاں بہار ہی بہار تھی اور حقیقتاً بھی بہار کا عالم رہتا تھا کیونکہ کبھی بھی میں نے باغیچوں میں پھول اور پودوں کو مرجھایا ہوا نہیں دیکھا۔ گویا سدا بہار پودے۔ کیونکہ میرے ابا تھے اس گھر کے باغبان۔ پاک نفیس ماحول، معصوم باتیں، معصوم خوشیاں، معصوم خواہشیں، نہ کوئی رنج و غم، نہ شکوہ شکایت نہ کسی کی برائی نہ کوئی رشتوں کی سیاست۔ ان شفقتوں پیار اور بے انتہا تحفظ کے سایہ میں پلنے والے بچے باہر کی دنیا سے قطعی بے خبر۔ دنیا میں نکلے تو سٹ پٹا کر ہی رہ گئی۔ دل اور دماغ الجھ کر رہ گئے۔ میری شخصیت میری روح کچل کر رہ گئی۔ یہ ہم اپنی جنتوں سے نکل کر کہاں آ گئے؟ یہ تو وہ دنیا نہیں جہاں ہم پلے بڑھے تھے۔ پھر خدا نے ماں باپ کو اس طرح اچانک 6 ماہ کے اندر اندر اپنے پاس بلا لیا۔ ہم خدا کی رضا پر راضی ہیں۔ میرا پورا وجود ہل کر رہ گیا۔ ایک سکتہ طاری ہوا۔ میرا وجود ریزہ ریزہ ہو گیا۔ ایک گھائل روح کے ساتھ۔ زخمی حالت میں زندہ ہوں نہ وہ جنت رہی نہ سر پر سایہ۔ تن تنہا بس ان کی یادیں ہیں اور جاگتے میں خواب۔ کیا ماں باپ کا کوئی نعم البدل ہے؟

میں جو اپنے گھر کا نقشہ کھینچ پائی ہوں اس سے تھوڑا اندازہ تو ہو گیا ہو گا کہ اس مکان کے مکین کیسے تھے۔ کتنے پیارے کتنے متاثر کن۔ جن کے سایہ تلے ہم پروان چڑھے۔

بچے کے ذہن پر اپنے ماحول اور ماں باپ کی تربیت ان کا کردار۔ یہ سب کچھ جذب ہوتا رہتا ہے۔ ان کی شخصیت اس کے ذہن پر اپنے نقوش چھوڑتی جاتی ہے۔ جوں جوں بڑا ہوتا ہے یہ نقش گہرے ہوتے جاتے ہیں۔ بڑے ہو کر ایک دم ایک مکمل تصویر لاشعور سے ابھر کر باہر آتی ہے۔ جو نظر بھی آتی ہے۔ محسوس بھی ہوتی ہے اور بیان بھی کی جا سکتی ہے۔

ایک نہایت بہادر، شیر دل، ہر دم مسکراتا ہوا وجود۔ سب کو پیار بانٹنے والا۔ مدہم طبیعت، طبیعت میں انکساری، down to earth سچا کھرا، جھوٹ فریب اور دروغ گوئی جیسی بیماری سے بے انتہا نفرت کرنے والا، بھرپور ذمہ دار اور ایماندار، عورت کی عزت اور عورت کے حقوق دینے والا، بچوں سے پیار کرنے والا۔ دعاؤں پر زور دینے والا، مجسم دعا، خدا سے ہم کلام، یوں کہ،

میں تیرا ہوں تو میرا خدا میرا خدا ہے

یہ تھے میرے ابا۔ حضور خلیفۃ ثالث

اسی ضمن میں۔ میں حضور خلیفہ ثالث کی شخصیت کے وہ نمایاں اور مثالی پہلو اجاگر کروں گی۔ میرے اس مضمون کا مقصد بھی یہی تھا۔

خدا پر کامل یقین اور ایمان رکھتے ہوئے ہر دم ہر لحظہ دعاؤں میں مصروف رہنا۔ بھرپور روحانی قوتوں سے کامل توکل علی اللہ۔ اپنی ہستی کو مٹا کر۔ آنکھیں بند کر کے بس اللہ پر توکل۔ میں بیان نہیں کر سکتی صرف محسوس کر سکتی ہوں۔ اس کی مثال کوئی نہیں۔ بے مثال جذبہ اور توکل علی اللہ۔ اسی وجہ سے اللہ کی بے شمار نوازشات۔ کرم اور رحمتیں ابا پر یوں نچھاور ہوتی رہیں جیسے بارش کے ٹھنڈے ٹھنڈے قطرے۔ اسی کی وجہ سے طبیعت میں تقویت اور صبر کا مادہ۔ ہمت اور حوصلہ اور زبان پر ہر دم اللہ تیرا شکر ہے۔ الحمدللہ۔ الحمدللہ اسی کی وجہ سے۔ اسی کی برکت سے ہمارے گھر میں سکون اور شانتی رہی۔ خدا پر توکل کرتے ہوئے ہر کام پوری ذمہ داری اور نیک نیتی سے شروع کیا اور خدا پر ہی توکل کرتے ہوئے اسے ختم کیا۔ بے شمار کامیابیاں اور برکتیں اسی توکل کی بناء پر حاصل ہوئیں۔ اگر کوئی کام حسب منشاء نہ ہو سکا تو پھر بھی اللہ کی رضا پر راضی۔ اسی بھرپور توکل اور اللہ کے شکر کے نتیجہ میں ایک کے بدلہ میں ہزاروں رحمتیں اور برکتیں نازل ہوئیں۔ کبھی مایوسی نام کی چیز نہ چہرے پر آئی نہ زبان پر۔ ہر بات پر صبر۔ ہر کام میں توکل، ہر آن الحمدللہ کا ورد، ہر تکلیف اور آزمائش پر چٹان کی مانند مضبوط، حوصلہ مند اور بہادر، یہ تھے میرے پیارے ابا، بڑی امی کا یہ مصرع۔ ''صبر کر صبر کہ اللہ کی رحمت آئے'' ابا کی طبیعت میں وہ بے مثال اللہ پر توکل ہی تو تھا۔ جس کے نتیجہ میں زندگی کے ہر لمحہ رحمتیں اور برکتیں اور اللہ کا ساتھ شامل حال رہا۔ اللہ نے کبھی بھی اکیلا نہ چھوڑا۔

دنیا داری کی باتیں، مال و دولت کی حرص تو کجا اس کے ذکر سے بھی کوفت۔ ہمارا گھر ان باتوں سے پاک تھا۔ ابا کی فطرت کی ایک بے مثال خوبی تھی طبیعت میں قناعت، سیر چشمی، نہ کوئی حرص نہ لالچ نہ کسی سے دنیاوی لحاظ سے مقابلہ، ہم نے گھر میں کبھی بھی روپے پیسے، جائیدادیں، کاروبار، یہ ہے، یہ نہیں، یہ ذکر نہیں سنا نہ بولا گیا۔ ابا لاپرواہ تھے دنیا سے اور دنیا کی مال و دولت سے۔

ابا نہایت فراخ دل تھے۔ جو اور جب ہوتا خوشی سے خرچ کرتے اور اگر نہیں۔ تو بھی مسکراتے ہوئے خوش باش، ہر حال میں خوش، اسی قناعت اور ہر دم شکر گزاری کے نظارے بچپن سے دیکھتی آئی ہوں۔ ہر حال میں راضی برضا۔ یقین جانیے ہمارے بڑوں کی دعائیں اور ابا کی طبیعت کا جو یہ پہلو تھا اس کے نتیجہ میں گھر میں ہمیشہ خوش حالی ہی دیکھی یہ بے مثال قناعت اور دنیا سے بے رغبتی جو حضور میں دیکھی اس کی مثال آج کل کے دور میں نہیں ملتی اور اسی کی بدولت جو اللہ کا سلوک ہمارے گھر پر تھا وہ بیان سے باہر ہے۔ اللہ کرے اسی نقطہ پر آپ بھی غور کریں۔

ایک بہت ہی اہم جذبہ کہہ لیں یا حضور کی فطری بے مثال خوبی جو بیان کرنے جا رہی ہوں اللہ کرے ہم سب اس کے پیچھے چلنے والے اور اپنانے والے بنیں۔ ابا نے تعلیم کے دوران ہی اپنی زندگی وقف کر دی۔ یہ وقف کیا ہے؟ یہ بہت ہی اہم معنی رکھتا ہے اگر گہرائی میں جا کر دیکھیں۔ یہ صرف ظاہری لفاظی نہیں یہ کوئی معمولی بات نہیں کہ کہہ دیا کہ جی ہم نے اپنے کو وقف کر دیا۔ جب میں چھوٹی تھی تو ابا صرف میرے ابا تھے اور کالج کے پرنسپل تھے۔ اس سے زیادہ کچھ علم نہ تھا۔ اسی وقت تو وقف کے معنی بھی نہ پتہ تھے۔ جب بڑی ہوئی تو شائد پتہ لگا ہو کہ ابا نے اپنی زندگی وقف کی ہوئی ہے۔ ابا پرنسپل ہیں شائد اسی کو وقف کہتے ہیں۔ اس سے زیادہ غور بھی نہیں کیا۔ کیونکہ ہمارے گھر میں نہ اس کا چرچا تھا نہ پرچار نہ کوئی کاموں کا ذکر۔ تو بے چاری حلمی کیا سمجھ پاتی۔ ابا نے تو کبھی بھی ہم بچوں سے یہ نہیں کہا کہ میں وقف ہوں۔ کبھی بھی گھر آ کر یہ نہیں کہا کہ میں بہت تھکا ہوا ہوں اتنے کام میرے سپرد ہیں۔ گرمی میں مارا مارا پھر کر آ رہا ہوں مجھ پر اتنے بوجھ ہیں۔ نہ کوئی پروپیگنڈا کیا۔ نہ جتایا نہ سنایا۔ کوئی دکھاوا نہیں کوئی احسان نہیں۔ خاموشی سے سر کو جھکاتے ہوئے عاجزی اور انکساری کے ساتھ پوری ایمانداری اور ذمہ داری کے ساتھ۔ سچے دل اور سچائی اور لگن اور اس عہد کا پاس کرتے ہوئے جو خلیفہ نے کہا اپنے دل سے کیا۔ کام پر کام کرتے چلے گئے۔ تھکتے چلے گئے۔ خندہ پیشانی اور بشاشت کے ساتھ۔ اتنی اہم ذمہ داریوں کو اپنے کاندھوں پر اٹھائے کس بہادری سے خوشی اور حوصلہ سے مردانہ وار قدم بڑھاتے رہے اور ہم بچوں کو پتہ بھی نہ چلا حیات ناصر میں واقعات پڑھے کہ حضور خلیفہ ثانی نے کس طرح آہستہ آہستہ ابا کو ہر شعبہ سے گزارا۔ سب کام لئے۔ پھر کئی کئی دوہری ذمہ داریاں ڈالیں تو یقین کریں میں آگے نہ پڑھ سکی۔ میں دکھی ہوئی یا یہ بوجھ میں نہ اٹھا سکی کچھ کہہ نہیں سکتی۔ بہت کمزور ہوں۔ ابا نے ہمیں پتہ بھی نہ چلنے دیا۔ میرے ابا جوانی میں ہی بوڑھے ہو گئے۔ بچہ تو یہی سمجھتا ہے کہ ابا اسی عمر کے تھے جب بچپن اور جوانی کی تصاویر دیکھیں تو کتنا پیار آیا۔ جوانی میں بھی بال سفید ہو گئے اور بچوں کو خبر نہ ہونے دی۔ ابا کا دل، روح جوانوں سے بھی زیادہ جوان تھی، ہمت، حوصلہ بھی جوانوں سے کہیں بڑھ کر تھا۔ کیونکہ اللہ دینے والا تھا۔

یہ تھے میرے پیارے ابا۔ یہ تھی وقف کی روح، جس نے اپنا آپ دین اور اللہ کی خاطر وقف کیا اس نے اپنے پورے وجود کو اس پاکیزہ لفظ کی چادر میں یوں ڈھانپ لیا کہ دنیا کا اثر بھی چھونے نہ پائے نہ اپنا کوئی وجود رہا نہ اپنی کوئی اہمیت۔ ہر بات پر لبیک فرمانبرداری اور مکمل ایمانداری سے ہر کام ہر ذمہ داری کو نبھایا۔ یہ تھے میرے ابا۔ نہ کوئی پرچار، نہ ڈھنڈورا، نہ کوئی معتبری، اسی طرح دھیما انداز اور انکساری، سب سے بڑھ کر سچائی کا راستہ سچا قول اور انصاف، سچے کھرے خالص موتی کیا آجکل ملتے ہیں؟ صحیح معنوں میں وقف کی روح کو پہچاننے والے اور عملاً اپنی پوری زندگی وقف کے کاموں میں لگانے والے۔ جماعت اور دین کی خدمت کرنے والے دنیا کے خوف سے نڈر ہو کر اللہ کی رضا کی خاطر۔ آنکھیں بند کر کے لبیک کہنے والے یہ تھے میرے ابا حضرت مرزا ناصر احمد۔ آئیں آج ہم اپنا اپنا تجزیہ کریں اور وقف کو صحیح معنوں میں سمجھیں۔ بڑوں کے نقش قدم پر چلنے والے بنیں۔ آمین

حضرت سلمہ بن ہشام بن مغیرہ رضی اللہ عنہ

آپؓ قدیم صحابہ میں سے تھے۔ آپؓ ابوجہل کے بھائی اور حضرت خالد بن ولیدؓ کے چچا کے بیٹے تھے۔ آپؓ کا شمار کبار صحابہ میں ہوتا ہے۔ ہجرت حبشہ میں شامل تھے۔ ہجرت مدینہ کے وقت کفار نے آپ کو روک دیا اور سخت تکالیف پہنچائیں۔ رسول اکرمؐ قنوت کے وقت آپ کا نام لے کر آپ کے لئے دعا کیا کرتے تھے۔ آخر کار غزوۂ خندق کے بعد آپؓ نے مدینہ ہجرت کی۔ آپؓ جنگ موتہ میں بھی شامل ہوئے۔ رسول کریمؐ کی وفات تک آپ مدینہ ہی میں مقیم رہے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے جو لشکر شام کی طرف بھیجا۔ آپؓ بھی اس میں شامل تھے۔ آپؓ 14ھ میں حضرت عمر فاروقؓ کی خلافت کے آغاز میں شہید ہوئے۔

مکرم کریم ظفر ملک صاحب

دینی تعلیمات کی روشنی میں

عورت کی قدر و منزلت اور مقام

اللہ تعالیٰ نے جب سے اس کائنات کو وجود دے کر بنی نوع انسان کی پیدائش کا سلسلہ جاری فرمایا تب سے نسل انسانی دو طبقوں میں بٹی ہوئی ہے ایک مردوں پر مشتمل ہے اور دوسرا عورتوں پر۔ دین حق سے قبل کے مذاہب پر نظر ڈالیں تو صاف نظر آتا ہے کہ مذہبی طور پر ان لوگوں کے نزدیک عورت کو کوئی قابل قدر مقام حاصل نہیں۔ ایشیا کے قدیم مذاہب میں سے سب سے قدیم مذہب ہندو ازم سمجھا جاتا ہے۔ جس کی تعلیمات کے حامل اپنی مذہبی کتاب ویدوں کو گردانتے ہیں ویدوں میں عورت کو جو مقام دیا گیا ہے اس کی رو سے نہ وہ عزت کا مقام رکھتی ہے نہ ورثہ میں حقدار ہے اور نہ ہی مردوں کے مقابل پر وہ عزت و توقیر کی حامل سمجھی جاتی ہے۔

دوسرا قدیم مذہب یہودیت ہے اس میں بھی عورتوں کو وہ عزت نہیں جو مردوں کی ہے عورت ورثہ میں حقدار نہیں بعض دفعہ اسے مکمل طور پر ناپاک سمجھا جاتا ہے اور اس سے کسی قسم کا تعلق نہیں رکھا جاتا اور اگر کوئی مرد اس سے چھو بھی ہو جائے تو غسل کئے بغیر وہ اس دن ناپاک ہی سمجھا جاتا ہے۔

تیسرا بڑا اور قدیم مذہب عیسائیت ہے اس میں گو عورت کو کچھ قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے مگر عملاً مذہباً ورثہ کی حقدار نہیں ہے گزشتہ صدی میں بعض عیسائی حکومتوں کے انتظامی فیصلوں کی وجہ سے عورتوں کو کچھ حقوق حاصل ہوئے ہیں اور اس کا ایک منفی نتیجہ یہ نکلا ہے کہ یہ لوگ دنیا کے محسن اعظم کی لائی ہوئی تعلیم کو نظر انداز کر کے یہ دعویٰ کرنے لگے ہیں کہ ہم ہی عورتوں کے حقوق دلانے والے ہیں اور ہم نے ہی عورتوں کو دنیا میں عزت کا مقام دیا ہے جبکہ حال یہ ہے کہ سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے حقوق نسواں کا جو پیغام اپنی مقدس زندگی میں دیا تھا اور جس کو امت بڑی حد تک عملی جامہ پہناتی ہے یہ اقوام اس کو سمجھ بھی نہیں پائیں۔

عربوں کی کیفیت قبل از اسلام

عورت پر مظالم ڈھانے کے لحاظ سے خود وہ خطہ جس میں نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم پیدا ہوئے اور مبعوث کئے گئے دوسری اقوام سے پیچھے نہ تھا چنانچہ عرب کے بعض قبائل اپنی بچیوں کو زندہ درگور کردیتے تھے۔ ادھر ہندوستان میں اگر کوئی عورت بیوہ ہو جاتی تھی تو اسے طوعاً و کرہاً خود کو آگ میں جھونک کر مرنا پڑتا تھا اور یہ رسم ستی کے نام سے یاد کی جاتی تھی۔ عربوں میں لونڈیاں رکھنے کا رواج زوروں پر تھا ایک وقت ایک رئیس کئی دفعہ سو سو لونڈیاں اپنے پاس رکھتا ان سے جیسے چاہتا سلوک کرتا اور اسے روکنے ٹوکنے والا کوئی نہ تھا۔ شادیاں کثرت سے کرنا بھی ان کا شغل تھا اور اپنے زور بازو سے ایک شخص اپنی طاقت اور مال کے بل بوتے پر بیسیوں شادیاں کر لیتا تھا اور اس کے عقد میں آنے والی بعض اوقات بہنیں بھی ہوتی تھیں۔

گویا کہ وہ زمانہ ظَهَرَ الْفَسَادُ کا زمانہ تھا ہر سو گمراہی پھیلی ہوئی تھی جو ادیان اس وقت تھے وہ بھی اپنی اصل پر قائم نہ رہے تھے۔

اس پُرشور و پُر فساد زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمۃ للعالمین کے طور پر مبعوث فرمایا۔ چنانچہ آپ نے اپنی بعثت کے بعد اسلام قبول کرنے والوں کو تدریجاً تمام آداب معاشرت سکھائے عورت کے لحاظ سے آپ نے اس کا مقام معاشرہ میں ماں، بہن، بیٹی اور دیگر رشتوں کے حوالہ سے قائم کیا۔

اسلام سے قبل عرب لوگ باپ کے مرنے کے بعد باپ کی بیویوں کو بھی ورثہ میں بانٹ لیتے تھے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قبیح رسم کو ختم کیا اور یہ حکم دیا کہ جو بدبخت ایسا کرے گا اس کو اس کی قرار واقعی سزا دی جائے گی اور پھر عملاً آپ نے ایسا کر کے دکھایا۔

چنانچہ روایات میں آتا ہے کہ ایک شخص کا پتہ چلا کہ اس نے اپنے باپ کے مرنے کے بعد اپنی ایک ماں کو اپنے عقد میں لے لیا ہے چنانچہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گھڑ سوار دستہ علم کے ساتھ روانہ کیا جنہوں نے اس شخص کو اس کے گھر سے نکالا اور اس کی گردن اڑا دی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے یہ نظارہ دیکھ کر مارنے والوں سے دریافت کیا کہ اس شخص کا کیا معاملہ تھا تو انہوں نے کہا کہ اس نے اپنے باپ کی بیوی سے شادی کر لی تھی۔

(ابوداؤد کتاب الحدود باب فی الرجل یزنی بحریمہ)

اسی باب کی دوسری روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا مال بھی ضبط کرنے کا ارشاد فرمایا تھا۔

اسلام نے عورتوں کو اس کے بیٹی ہونے، بیوی ہونے اور ماں ہونے ہر سہ حیثیتوں کے مطابق حقوق دلوائے ہیں اور اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ عورت کی اس کی باقی تمام حیثیتوں میں قدر بڑھی ہے۔ آج بھی ہنود، یہود اور نصاریٰ اور دیگر بظاہر مہذب طبقات میں عورتوں پر مظالم روا رکھے جاتے ہیں۔ جس کی چند ایک مثالیں مختلف اخباروں اور رسائل میں یوں مندرج کی گئی ہیں۔

(1) South London Press کی 12/جون 1987ء کی اشاعت میں یہ خبر شائع ہوئی کہ ایک باپ نے اپنی ایک سال کی معصوم بچی کو سر پر اس قدر مارا کہ اس کی ہڈیاں ٹوٹ گئیں۔ ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ بچی ساری زندگی کیلئے اندھی ہو چکی ہے اس کے علاوہ اسے ساری عمر کیلئے مرگی کی بیماری بھی لگ گئی ہے اور اس کے علاوہ بھی بعض بیماریاں ہیں جو عمر بھر اس کے ساتھ لگی رہیں گی۔

(ماخوذ از روزنامہ الفضل ربوہ اشاعت مورخہ 7 جنوری 2003ء صفحہ 4)

عورتوں اور بچوں پر مظالم کا ایک ایسا سلسلہ یورپین ممالک میں جاری ہے کہ جو ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے اس کے بارہ میں N.S.P.C.C کے پیش کردہ اعداد و شمار کے مطابق یہ اضافہ ہر سال دوگنا ہو رہا ہے یعنی آنے والے چند سالوں میں شاید آپ کو تلاش کر کے وہ گھر نکالنا پڑے گا جہاں عورتوں اور معصوم بچوں پر مظالم نہیں ہو رہے۔

(ٹائمز 20/جون 1987ء صفحہ 4)

امریکہ اس وقت دنیا کے سامنے ایک بڑی مہذب اور طاقتور قوم کے طور پر پہچانا جاتا ہے مگر اس کی حقوق نسواں کے تعلق میں ایک سروے رپورٹ کے مطابق جو 1979ء میں لی گئی تھی یہ حالت ہے ”امریکہ میں 41 فیصد عورتوں کو شادی کے پہلے چھ مہینوں میں مارا گیا۔ 18 فیصد عورتوں کو ایک سال کے بعد مار پڑنی شروع ہوئی 25 فیصد عورتوں کو دو سال کے بعد مار پڑنی شروع ہوئی۔ ایک اعداد و شمار کے مطابق 84 فیصد عورتیں ایک سال سے دو تین سال کے اندر اپنے خاوندوں کے مظالم کا نشانہ بن جاتی ہیں“۔

(Dobash and Dobash 1979ء)

یہ ہے ان اقوام کا حال جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیم پر دست اعتراض دراز کرتی ہیں اور اسلام کے خلاف اپنے قلموں کو جنبش دیتے ہیں۔ ان کے مقابل پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم دی کہ عورتوں کا خیال رکھو اور اپنے غلاموں کا خیال رکھو۔ خاکسار نے دشمنان اسلام و محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی یک طرفہ کارروائیوں، اسلام اور بانی اسلام کے خلاف غیظ و غضب کا اظہار کرنے والوں کا مختصر ذکر کیا ہے۔ ان لوگوں نے اپنی دشمنی میں اپنے اجداد کے دین کو ان کی معاشرتی اقدار کو بھلا دیا ہے اور خود اب وہ کس حال میں ہیں اس کو نظر انداز کر دیا ہے۔

دین میں عورت کا مقام

بحیثیت بیٹی

اسلام سے قبل عربوں میں سے بعض قبائل اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کردیتے تھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کے ان قبائل سے اس بدرواج کو ختم کیا اور اس پر سختی سے عمل درآمد کروایا۔ قرآن کریم میں ان لوگوں کو مدنظر رکھ کر جو بچی کی پیدائش کو زحمت سمجھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ ”جب ان میں سے کسی کو لڑکی کی پیدائش کی خبر دی جائے تو اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے اور وہ نہایت رنجیدہ ہوتا ہے اور جس بات کی اس کو خبر دی گئی ہے اس کی (مزعومہ) شناعت کے باعث وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اور سوچتا ہے کہ آیا وہ اسے (پیش آنے والی) ذلّت کے باوجود (زندہ) رہنے دے یا اسے (کہیں) مٹی میں گاڑ دے۔ سنو! جو رائے وہ قائم کرتے ہیں بہت بُری ہے“۔

(النحل آیات:60,59)

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے عرب معاشرہ کی بیٹی کی پیدائش پر جو کیفیت ہوتی تھی اور جس کا وہ بعد میں عملاً مظاہرہ کرتے تھے اس کا ذکر کیا ہے اور اس رائے یعنی زندہ درگور کرنے والے فیصلہ کو بہت بری رائے قرار دیا ہے۔ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بچی کی پیدائش کو زحمت کی بجائے رحمت قرار دیا اور فرمایا جس شخص نے اپنی دو بچیوں کی انکے بالغ ہونے تک صحیح معنوں میں پرورش کی قیامت کے روز وہ میرے ساتھ یوں ہوگا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دو انگلیوں کو ملاتے ہوئے یہ فرمایا تھا اور مراد یہ تھی کہ جس طرح یہ دو انگلیاں قریب قریب ہیں اسی طرح اس شخص کو میرا قرب حاصل ہوگا۔

(مسلم، کتاب البِرّ والصِّلَۃِ، باب فضل الاحسان الی البَنَاتِ)

اسلام سے قبل بچیوں کو حق وراثت سے محروم رکھا جاتا تھا۔ اسلام نے عورتوں کو ورثہ میں بھی حقدار قرار دیا چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ”اور مردوں کا (بھی) اور عورتوں کا بھی اس مال میں سے جو ان کے ماں باپ اور قریبی رشتہ دار چھوڑ جائیں ایک حصہ ہے۔ خواہ اس (ترکہ) میں سے تھوڑا بچا ہو یا بہت (یہ) ایک معیّن حصہ ہے جو (خدا تعالیٰ کی طرف سے) مقرر کیا گیا ہے“۔ (النساء:8)

پھر اللہ تعالیٰ نے بیٹی کے حصہ کی تخصیص فرمادی اور فرمایا (النساء:12) یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری اولادوں کے بارہ میں تمہیں تاکیدی حکم دیتا ہے کہ ایک مرد کا حصہ، دو عورتوں کے حصہ کے برابر ہے اور اگر اولاد عورتیں ہی عورتیں ہوں (یعنی صرف بیٹیاں ہوں) جو دو سے زائد ہوں تو ان کیلئے دو تہائی حصہ مقرر ہے اور اگر (وفات یافتہ) کی صرف ایک بیٹی ہی ہو تو اس کو اس کے مرحوم باپ کے ترکہ کا نصف دیا جائے گا۔

ایک زمانہ تھا کہ عورت محروم الارث سمجھی جاتی تھی اور صرف محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جنہوں نے عورت کو بیٹی کی حیثیت سے۔ ماں کی حیثیت سے اور بیوی کی حیثیت ہر تین گھروں سے وراثت کا حق اللہ تعالیٰ کی تقسیم کے مطابق دلوایا اور اپنی تربیت یافتہ قوم میں یہ تصور اجاگر کر دیا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی قائم کردہ حدود اور فرائض میں تجاوز نہیں کر سکتے۔ چنانچہ تمام صحابہؓ اس

تعلیم قرآنی پر عمل پیرا تھے۔ احادیث میں آتا ہے کہ ایک صحابی کا بھائی جنگ احد میں شہید ہو گیا اس کی دو بچیاں تھیں جو ابھی کم عمر اور کمزور تھیں ان صاحب نے ان کا حق دبا لیا اور اپنے مرحوم بھائی کی بچیوں کا سارا مال قبضہ میں لے لیا۔ اسی کی بھاوج آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکایت لے کر گئیں تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ اس معاملہ کا فیصلہ فرمائے گا چنانچہ سورۃ النساء نازل ہوئی اور اس میں آیت ''یُوْصِیْکُمُ اللّٰہُ (-)(النساء:12) نازل ہوئی تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون اور بچیوں کے چچا کو طلب فرمایا اور فرمایا کہ ان بچیوں کو ایک تہائی مال (انکے باپ کا) دے دو اور ان کی ماں کو آٹھواں حصہ دو اور جو مال بچ جائے وہ آپ لے لیں۔ (سنن الدار قطنی)

بچیوں کی شادی بیاہ کے معاملہ میں رائے لینا

اس امر کو صرف اسلام نے رواج دیا اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو یہ تعلیم دی کہ اپنی بیٹیوں کا جس جگہ آپ لوگ رشتہ کرنا چاہتے ہوں ان کو پرکھ لو اور اس سلسلہ میں اپنی بچیوں سے ان کی پسند ناپسند معلوم کر لیا کرو چنانچہ آپ نے فرمایا

یعنی کنواری لڑکی کے اذن کے بغیر اس کا نکاح نہ کرو۔ صحابہؓ نے عرض کی یا رسول اللہ اس کے اذن سے آپؐ کی کیا مراد ہے؟ اس پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (آپ لوگوں کے مجوزہ رشتہ پر) اس کی خاموشی ہی اس کا اذن تصور ہوگی۔

(تجرید البخاری کتاب النکاح)

چنانچہ روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بچیوں کے رشتے طے کرتے وقت ان کی رائے لی اور اسی پر اکثر افراد امت کا تعامل ہے۔

عورت کی دوسری حیثیت بیوی کی حیثیت ہے

زمانۂ جاہلیت میں عورت بھیڑ بکری کی طرح گھر میں رکھی جاتی تھی اس کا اگر کوئی مہر ہوتا بھی تو وہ اس کی قیمت ادا کرنے کے موافق سمجھا جاتا بعض قبائل واقوام میں تو شادی کے بعد عورت کا والدین کے گھر سے کوئی تعلق نہ رہتا تھا۔ عرب دنیا میں اگرچہ سسرال سے تعلق کی مثالیں تو ملتی ہیں مگر عورت کی اس حیثیت میں اس سے ہر قسم کے ظلم روا رکھنے کی مثالیں بکثرت ملتی ہیں۔ دنیائے عرب کے باہر ہندوستان میں بھی عورت اس وقت طرح طرح کے مظالم کی شکار تھی بیوی کو جوتے کے برابر سمجھا جاتا تھا۔ اس سے ناروا سلوک کیا جاتا۔ بات بات پر زدوکوب تک نوبت پہنچتی اور باہمی جھگڑے بعض طبقات میں ایک عام شغل تھا۔ عرب بھی اپنی بیوی کو اپنے معاملات زندگی میں کسی قسم کی مداخلت کرنے کی اجازت نہ دیتے تھے اور وہ اس گائے بھینس کی طرح تھی جسے ایک حویلی میسّر ہو جاتی جس میں وہ کھاتی پیتی اور اپنی زندگی کے دن پورے کر کے اس عالم فانی سے اپنا حصہ لے کر عالم آخرت کو سدھار جاتی۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے حقوق قائم کئے اور اعلان فرمایا:

اور جس طرح عورتوں کی کچھ ذمہ داریاں ہیں اسی طرح دستور کے مطابق ان کو کچھ حقوق بھی حاصل ہیں۔

(البقرۃ:229)

اس آیت کریمہ میں میاں بیوی کے حقوق و فرائض کے دائرہ کو واضح کیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں دوسری جگہ فرمایا:

یعنی اپنی بیویوں کے ساتھ نیک سلوک کرتے ہوئے زندگی بسر کرو۔ اور اگر تم انہیں ناپسند کرو تو یاد رکھو یہ بالکل ممکن ہے کہ تم ایک چیز ناپسند کرو حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس میں بہت سارا بہتری کا سامان رکھا ہوا ہو۔

(النساء:20)

قرآن کریم میں ایک اور موقعہ پر ارشاد خداوندی ہے۔

اے مردو! تم جس طرح خود بود و باش رکھتے ہو اسی طرح اپنی بیویوں کو رکھو اور ان کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔

(الطّلاق:7)

زمانۂ جاہلیت میں عورت کو بحیثیت بیوی جو مقام دیا جاتا تھا اس کا میں اوپر ذکر کر آیا ہوں ان ہر سہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے بیوی کو مقام دینے کے سلسلہ میں جو ارشاد فرمایا ہے اس پر امت مسلمہ کو کاربند کرنے کیلئے سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تاکید فرمائی اس کی مثالیں تمام کتب احادیث میں ''کتاب النکاح باب عشرۃ النساء'' میں متعدد روایات درج ہیں چند ایک روایات پیش خدمت ہیں۔ آپؐ فرماتے ہیں:۔

میں تمہیں عورتوں کی خیر خواہی کا تاکیدی حکم دیتا ہوں یہ پسلی سے پیدا کی گئی ہیں (یعنی ان میں نزاکت کا پہلو غالب ہے)۔ (بخاری کتاب النکاح)

ایک صحابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا'' کہ یا رسول اللہ کسی کی بیوی کا اس پر کیا حق ہے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

یعنی جب تم کھانا کھاؤ اپنی بیوی کو بھی کھانا کھلاؤ اور جب تم کپڑے پہنو یعنی کپڑے سلواؤ تو اس کو بھی کپڑے سلوا کر دو اور تو اپنی بیوی کے منہ پر نہ مار نہ اسے قبیح صورت کہہ اور اگر تو نے کسی وجہ سے قطع کلامی کی ہوئی ہے تو اس کا دائرہ گھر تک محدود ہو، گھر سے باہر اپنی بیوی سے قطع کلامی نہ کرو۔

(ابن ماجہ کتاب النکاح)

پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو اپنے اہل کے ساتھ بہترین برتاؤ کرتا ہے اور میں تم سب سے بہتر طور پر اپنے اہل سے سلوک کرتا ہوں۔

(ترمذی کتاب المناقب باب فضل ازواج النبی ﷺ)

اس حدیث میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیویوں سے عمدہ سلوک کرنے کا ارشاد فرمایا ہے اور اپنی زندگی کو مثال کے طور پر پیش فرمایا ہے۔ کہ میں اپنے اہل سے بہترین سلوک کرنے والا ہوں۔

اسلام نے بیویوں کو ان کے خاوندوں کے وفات پا جانے پر ورثہ میں باقاعدہ حق دیا ہے چنانچہ سورۃ النساء آیت نمبر 13 میں اس کا تفصیلی ذکر ملتا ہے۔ جبکہ پچھلی صدی تک ہندوستان میں ستی کی رسم جاری رہی یعنی بیوہ اپنے خاوند کے مرنے کے بعد اس کے ساتھ ہی زندہ جلا دی جاتی رہی یورپین ممالک میں وہ محروم الارث تھی اور آج وہ لوگ جو اپنی تہذیب و معاشرت کو آنکھیں بند کرنے کے باعث دیکھ نہیں رہے اسلام اور بانی اسلام پر اعتراض کرتے ہیں۔

اسلام نے بیوی کو جو مقام دیا دنیا کی کسی مذہبی اور غیر مذہبی قوم نے نہیں دیا۔ وہ عورت جس سے مشورہ کرنا بھی مردوں کو گوارا نہیں تھا۔ باقاعدہ اس سے مشورہ لیا جاتا اور پھر اس پر عمل پیرا بھی ہوا جاتا ہے۔ اس کی رسول اللہ صلی علیہ وسلم کی زندگی میں متعدد مثالیں ملتی ہیں کہ آپ ﷺ نے اپنی ازواج سے مشورہ کیا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات میں سے ایک حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا تھیں صلح حدیبیہ کے موقعہ پر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ قربانیاں لے کر گئے تھے صحابہ بھی اس نیّت سے گھر سے روانہ ہوئے تھے کہ عمرہ کر کے آئیں گے اور ان کے ساتھ بھی قربانیاں تھیں۔ صلح نامہ طے ہو جانے کے بعد یہ واضح ہو گیا تھا کہ صحابہ اور آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اس سال عمرہ نہیں کر سکیں گے اور شرائط کے مطابق اگلے سال عمرہ کر پائیں گے۔ چنانچہ حکم خداوندی کے مطابق انہیں وہیں قربانیاں کرنا تھیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو اس طرف توجہ دلائی مگر کوئی ٹس سے مس نہ ہوا۔ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہؓ کے پاس تشریف لائے اور اُمّت کی کیفیت بیان کی۔ حضرت ام سلمہؓ نے مشورہ دیا آپ اپنی قربانیاں الگ کریں اا ور ان کو ذبح کریں پھر دیکھیں کہ آپ کے صحابہ کا کیا ردِّ عمل ہوتا ہے چنانچہ جب آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قربانیوں کو ذبح کرنا شروع کیا تو صحابہ اپنی اپنی قربانیوں کی طرف لپکے اور دیکھتے ہی دیکھتے اس میدان میں ہر طرف قربانیاں بکھر گئیں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ اپنے صحابہ کی کیفیت ایمانی دیکھ کر تمتما اٹھا اور آپ نے حضرت ام سلمہؓ کے اس مشورہ کو سراہتے ہوئے اپنے صحابہ کی کیفیت حضرت ام سلمہؓ کو بتائی۔ یہ روایت تاریخ کی تقریباً تمام کتب نے باختلاف الفاظ صلح حدیبیہ کے واقعات کے تحت بیان کی ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اُسوہ کا صحابیات پر ایسا اثر ہوا کہ جن صحابیات کے خاوندان سے مشورہ نہیں کرتے تھے وہ اپنے خاوندوں سے کہتیں کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم تو اپنی بیویوں سے مشورہ کرتے ہیں اور آپ ہم سے مشورہ کرنا گوارہ نہیں کرتے۔ چنانچہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ سب پر غالب آ گیا اور صحابہ خانگی امور میں اپنی ازواج سے مشورے کرنے لگے۔

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی مسیح موعود فرماتے ہیں:

''ہمارے ہادیٔ کامل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے (-) تم میں سے بہتر وہ شخص ہے جس کا اپنے اہل کے ساتھ عمدہ سلوک ہو۔ بیوی کے ساتھ جس کا عمدہ چال چلن اور معاشرت اچھی نہیں وہ نیک کہاں دوسروں کے ساتھ نیکی اور بھلائی تب کر سکتا ہے جب وہ اپنی بیوی کے ساتھ عمدہ سلوک کرتا ہو۔''

(ملفوظات جلد اول صفحہ 404,403 جدید ایڈیشن)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیویوں کے اقرباء کا بھی خیال رکھتے تھے چنانچہ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد بھی انکی سہیلیوں کے گھروں میں اگر کوئی جانور ذبح کرتے تو اس کا گوشت تحفۃً ارسال فرماتے تھے۔

(مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل خدیجہؓ)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ اسوہ ہمیں اس طرف توجہ دلاتا ہے کہ آپؐ جو حسین تعلیم لائے اس پر آپؐ نے عملاً عمل پیرا ہو کر ہمیں ایک اسوہ دیا ہے اور اسی پر ہمیں عمل پیرا ہونا چاہئے۔

عورت کی تیسری حیثیت ماں کی ہے

عرب معاشرہ میں باپ کی بیویاں بھی ورثہ میں بانٹ لی جاتی تھیں۔ مگر اسلام نے ان کا مقام اُجاگر کیا۔ ان کو ان کا صحیح مقام و مرتبہ دلوایا۔ اور اس سلسلہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ مناہی نازل ہوئی:

اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ دادے نکاح کر چکے ہیں جو گزشتہ زمانہ میں ہو چکا سو ہو چکا ایسے کرنا فحش فعل تھا اور نافرمانی تھی اور ایک بُرا طریق تھا۔ (النساء:23)

قرآن کریم میں ایک دوسرے مقام پر بھی اللہ تعالیٰ نے ماؤں اور رضائی ماؤں سے نکاح نہ کرنے کی مناہی کی ہے چنانچہ فرماتا ہے۔ تم پر تمہاری مائیں حرام قرار دی گئی ہیں (النساء:24) اور رضاعی ماؤں کے بارہ میں ہے اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا ہے وہ بھی تم پر حرام کی جاتی ہیں۔ (النساء:24)

قرآن کریم میں والدہ کے مقام کے لحاظ سے والد کے ساتھ ہی اکثر ذکر آتا ہے۔

چنانچہ فرمایا:

یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ کر چھوڑا ہے کہ تم صرف اسی کی عبادت کرو گے اور والدین سے حسن سلوک سے پیش آؤ گے۔ (بنی اسرائیل:24)

اس آیت میں اولاً شرک کی مناہی کا ذکر ہے اور ثانیاً والدین سے حسن سلوک کا حکم ہے۔ ہمارے آقا محسن انسانیت سیّدنا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن کریم کی اس تعلیم کی بڑی عمدہ تصویر بن کر لوگوں کو دکھا دیا اور صحابہ کو والدین سے شفقت و محبت

کرنے کا اس قدر درس دیا کہ وہ دریافت کرتے تھے کہ یارسول اللہ ہمارے حسن سلوک کا کون زیادہ حقدار ہے۔ چنانچہ ایک صحابی کے ایسے ہی استفسار پر فرمایا: اُمُّکَ اس نے دوبارہ پوچھا تو فرمایا کہ تیرے حسن سلوک کی زیادہ حقدار تیری ماں ہے۔ تیسری مرتبہ بھی یہی جواب دیا اور جب اس نے چوتھی مرتبہ پوچھا تو فرمایا۔ تیرے حسن سلوک کا زیادہ حقدار تیرا باپ ہے اور اس کے بعد دیگر رشتہ داروں کا مقام ہے۔

(بخاری۔ کتاب الادب۔ باب من احق الناس بحسن الصحبۃ)

اس حدیث میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں کے مقام کو اس کی قربانیوں کے لحاظ سے باپ سے دوگنا زیادہ فضیلت کے ساتھ بیان کیا ہے اور ماں کی نسبت سے ہی رحمی رشتہ داروں سے حسن سلوک کی تعلیم دی۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد مذکورہ میں آپؐ نے ماؤں کو پرورش کے لحاظ سے ہر ہر مرحلہ پر جو انہیں قربانیاں کرنی پڑتی ہیں وہ مدنظر رکھی ہیں۔ بچے کو جنم دینا ایک طرح موت کو گلے لگانے کے بعد ممکن ہوتا ہے۔ پھر راتیں جاگ جاگ کر مائیں بچوں کی پرورش کرتی ہیں اور ان کے بالغ ہونے تک طرح طرح کی قربانیاں ان کے لئے کرتی ہیں یہی وجہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے والدہ کو اتنا بڑا مقام دیا۔

ایک دفعہ ایک صحابی جنگ میں شمولیت کیلئے آیا وہ جوان تھا، اس کے والدین زندہ تھے اور بڑے ضعیف۔ ان کو اس کی خدمت کی ضرورت تھی آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خداداد فراست سے اس کا حال بھانپ لیا جب اس نے جہاد کی اجازت طلب کی تو فرمایا کیا تمہارے والدین زندہ ہیں۔ جب انہوں نے ہاں میں جواب دیا تو فرمایا جاؤ ان کی خدمت کا حق ادا کرو یہی تمہارا جہاد ہے۔

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم مشرک ماؤں سے حسن سلوک کرنے کا بھی ارشاد فرماتے تھے چنانچہ ایک دفعہ حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہا کی مشرک والدہ مدینہ میں آئیں اور ان کے لئے تحائف لائیں چنانچہ انہوں نے اپنی والدہ کے بارہ میں آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ آیا میں اپنی مشرک والدہ سے صلہ رحمی کروں؟ تو آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ضرور اس کے ساتھ صلہ رحمی سے پیش آؤ۔

(بخاری، کتاب الھبۃ، باب ھدیۃ المشرکین)

آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآنی تعلیم کو مدنظر رکھتے ہوئے مرحوم والدین کیلئے دعائیں کرنے کا ارشاد فرمایا۔ چنانچہ حضرت ابواُسید ساعدیؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر تھے کہ بنی سلمہ کا ایک شخص حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ یارسول اللہ! والدین کی وفات کے بعد کوئی ایسی نیکی ہے جو میں ان کے لئے کرسکوں؟ اس پر آنحضور ﷺ نے فرمایا:۔

کیوں نہیں؟ تم ان کے لئے دعائیں کرو۔ ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرو۔ انہوں نے لوگوں سے جو وعدے کر رکھے تھے ان کو پورا کرو۔ ان کے عزیز و اقارب سے اسی طرح صلہ رحمی سے پیش آؤ جس طرح وہ اپنی زندگی میں ان سے پیش آتے تھے نیز ان کے دوستوں کے ساتھ عزت و اکرام سے پیش آؤ۔

(ابوداؤد، کتاب الادب، باب فی برّ الوالدین)

والدہ کے ساتھ رضاعی والدہ کو جو مقام اسلام نے دیا ہے۔ ایسا مقام کسی مذہبی تحریک نے رضاعی والدہ کو کبھی نہیں دیا جو اسلام نے دیا ہے۔ چنانچہ ہم اپنے محسن اور خدا کے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ پر نظر دوڑائیں تو ہم یہ دیکھتے ہیں کہ آپؐ کے والد اور والدہ تو آپؐ کے بچپن میں وفات پاگئے تھے مگر آپؐ نے اپنی دایہ یعنی رضاعی والدہ کی وہ تکریم کی کہ بصیرت کی نظر سے دیکھنے والے اس اُسوہ پر عش عش کر اٹھتے ہیں۔ چنانچہ احادیث میں آتا ہے کہ:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی میں ایک دفعہ آنحضور ﷺ کی رضاعی والدہ حلیمہ سعدیہؓ مکہ میں آئیں اور حضور ﷺ سے قحط سالی اور مویشیوں کی ہلاکت کا ذکر کیا۔ آنحضور ﷺ نے حضرت خدیجہؓ سے مشورہ کے بعد حضرت حلیمہؓ کو چالیس بکریاں اور ایک اونٹ مال سے لدا ہوا دیا''۔

(طبقات ابن سعد جلد 1 صفحہ 113 مطبوعہ بیروت سن اشاعت 1960ء)

حضرت ابوطفیلؓ سے مروی ہے میں نے آنحضور ﷺ کو دیکھا کہ آپؐ جِعرانہ مقام میں گوشت تقسیم فرما رہے تھے۔ اس دوران ایک عورت آئی تو آنحضور ﷺ نے اس کے لیے اپنی چادر بچھادی اور وہ عورت اس پر بیٹھ گئی۔ میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ خاتون کون ہے جس کی حضورؐ اس قدر عزّت افزائی فرما رہے ہیں؟ صحابہ نے بتایا کہ یہ آنحضور ﷺ کی رضاعی والدہ ہیں۔

(ابوداؤد کتاب الادب باب فی برّ الوالدین)

